FEDERAL OMBUDSMAN

# نیوز بلیٹن

اپریل تا جون 2025 شمارہ: 29



## محتسب کے ادارے گڈ گورننس میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں، اعجاز احمد قریشی

### "امبڈسمین شپ اور عالمی معیار کے تقاضے" کے موضوع پر ویبینار سے خطاب

وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ میں 29 مئی 2025ء کو "امبڈسمین شپ اور عالمی معیار کے تقاضے" کے موضوع پر ایک ویبینار کا اہتمام کیا گیا۔ ویبینار سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی جو کہ 47 رکنی ایشین امبڈسمین ایسوسی ایشن کے موجودہ صدر بھی ہیں، نے کہا کہ یہ بات انتہائی اطمینان بخش ہے کہ محتسب کے ادارے عوامی شکایات کے مفت اور جلد ازالے کے لیے ایک قابل اعتماد فورم کے طور پر سامنے آئے ہیں۔ محتسب اور محتسب کی طرح کے دیگر ادارے قانون کی حکمرانی، شکایات کے ازالے اور گڈ گورننس کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب پاکستان کے ادارے نے اپنی کارروائیوں کو عالمی سطح پر تسلیم شدہ معیارات کے ساتھ ہم آہنگ کر رکھا ہے، جو اقوام متحدہ جنرل اسمبلی کی متعدد قرار دادوں بشمول پیرس اور وینس اصول اور گزشتہ سال کی قرارداد میں موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ بین الاقوامی معیار محتسب کے اداروں کے مینڈیٹ کو موثر طریقے سے استعمال کرنے کے لیے جامع رہنمائی فراہم کرتے ہیں۔ وفاقی محتسب نے مزید کہا کہ بین الاقوامی معیارات کے مطابق کی گئی دفتری کارروائی پوری دنیا میں محتسب کے اداروں کے کام کو زیادہ معتبر اور قانونی حیثیت دیتی ہے۔ ویبینار سے خطاب کرتے ہوئے نسٹ لاء سکول کے پرنسپل اور ڈین مسٹر جسٹس (ریٹائرڈ) ایم نواز واہلہ نے اپنے کلیدی خطاب میں ان بین الاقوامی معیارات کی اہمیت پر روشنی ڈالی جو محتسب اور ثالثی اداروں کی کارکردگی کو ایک نمایاں سمت فراہم کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے اپنی متعدد قراردادوں کے ذریعے گڈ گورننس اور قانون کی حکمرانی کے احترام کے علاوہ انسانی حقوق اور بنیادی آزادیوں کے فروغ اور تحفظ میں محتسب اور ثالثی اداروں کی اہمیت کو تسلیم کیا ہے۔ ویبینار میں ایشین امبڈسمین ایسوسی ایشن (اے او اے)، او آئی سی امبڈسمین ایسوسی ایشن (او آئی سی او اے)، فورم آف پاکستان امبڈسمین (ایف پی او)، ماہرین تعلیم اور سول سوسائٹی کے ممبران کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

> اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے اپنی متعدد قراردادوں کے ذریعے گڈ گورننس اور قانون کی حکمرانی کے احترام کے علاوہ انسانی حقوق اور بنیادی آزادیوں کے فروغ اور تحفظ میں محتسب اور ثالثی اداروں کی اہمیت کو تسلیم کیا ہے



## سال 2024ء کے دوران ریکارڈ شکایات آئیں، ریکارڈ فیصلے کئے، وفاقی محتسب

# دو لاکھ 23 ہزار سے زائد فیصلوں میں سے 93 فیصد پر عملدرآمد بھی ہو گیا

### وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی میڈیا سے غیر رسمی گفتگو

وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے 08 اپریل 2025ء کو میڈیا کے نمائندوں سے غیر رسمی ملاقات کی۔ اس موقع پر انہوں نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عوام الناس کی سہولت کے لئے ملک کے دور دراز علاقوں میں مزید نئے علاقائی دفاتر قائم کئے جائیں گے تاکہ شکایت کنندگان کو ان کے گھر کے قریب انصاف مل سکے۔ انہوں نے کہا کہ 2024ء کا سال اس حوالے سے انتہائی اہم اور یادگار رہا کہ اس سال ریکارڈ شکایات آئیں اور ریکارڈ فیصلے کئے گئے۔ گزشتہ برس دو لاکھ 26 ہزار 372 شکایات آئیں اور دو لاکھ 23 ہزار 198 شکایات کے فیصلے کئے گئے۔ شکایات اور فیصلوں میں سال 2023ء کے مقابلے میں بالترتیب 17 فیصد اور 16 فیصد اضافہ ہوا۔ انہوں نے بتایا کہ 93.21 فیصد فیصلوں پر عملدرآمد بھی ہو گیا جبکہ عملدرآمد کی شرح سال 2023ء میں 85.70 فیصد تھی۔ وفاقی محتسب نے کہا کہ عوام الناس کو ان کے گھر کی دہلیز پر انصاف فراہم کرنے کے لئے ملک بھر میں 126 کھلی کچہریاں منعقد کی گئیں۔ او سی آر پروگرام کے تحت 171 دوروں کے دوران 4840 شکایات نمٹائی گئیں، جب کہ سرکاری اداروں کے نظام کی اصلاح اور خدمات کو بہتر بنانے کے لئے وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیموں نے سرکاری محکموں کے 79 دورے کئے۔ مظفرآباد، آزاد جموں وکشمیر، گلگت بلتستان، ڈیرہ غازی خان اور ساہیوال میں حال ہی میں نئے دفاتر کے قیام کے بعد یہ ادارہ اب ملک بھر کے 26 شہروں میں موجود ہے۔ وفاقی محتسب کے اہم اقدامات میں شکایات کے اندراج اور زوم لنک نیز وٹس ایپ کے ذریعے سماعت میں شمولیت کے لئے انفارمیشن ٹیکنالوجی اور ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کا استعمال بھی شامل ہے۔ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے مزید کہا کہ یہ ادارہ حقیقی معنوں میں غریب آدمی کی عدالت ہے جو بڑی تعداد میں شکایت کنندگان کو ان کے گھر کی دہلیز پر انصاف فراہم کر رہا ہے۔ انہوں نے سمندر پار پاکستانیوں کے لئے اٹھائے گئے اقدامات کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ سال 2024ء کے دوران بیرون ملک پاکستانیوں کی 151897 شکایات موصول ہوئیں۔ پاکستان کے بین الاقوامی ہوائی اڈوں پر قائم کردہ یکجا سہولیاتی ڈیسکوں کے ذریعے 111184 شکایت کنندگان کو سہولیات فراہم کی گئیں۔ بیرون ملک پاکستانی مشنز کو 38592 جبکہ وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ میں قائم کردہ بیرون ملک پاکستانیوں کے گریوینس کمشنر آفس کو 2121 شکایات موصول ہوئیں۔ وفاقی محتسب نے بتایا کہ بچوں کے مسائل کے حل اور ان کی شکایات کے ازالے کے لئے ایک ہمہ وقتی ''شکایات کمشنر برائے اطفال'' کام کر رہا ہے جس کا دفتر بھی اسی بلڈنگ میں موجود ہے۔ انہوں نے بتایا کہ سرکاری اداروں کے نظام کی اصلاح کے لئے ہم 80 ریسرچ رپورٹیں تیار کر کے متعلقہ اداروں کو بھجوا چکے ہیں۔ انہوں نے وفاقی محتسب کے بین الاقوامی کردار کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ ایشین امبڈسمین ایسوسی ایشن (اے او اے) کے صدر کی حیثیت سے وہ محتسب کے تصور کو ایشیاء اور دنیا بھر میں عام کرنے کے لئے کوشاں ہیں۔

# وفاقی محتسب کے حکم پر PSQCA کے ملازمین کی تنخواہیں بحال

## دو کروڑ چالیس لاکھ روپے سے زائد بقایاجات ادا کر دیئے گئے


وفاقی محتسب علاقائی دفتر کوئٹہ میں وزارت سائنس وٹیکنالوجی کے ذیلی ادارے پاکستان اسٹینڈرڈز اینڈ کوالٹی کنٹرول اتھارٹی (PSQCA) کے 41 ملازمین نے درخواست دائر کی کہ وہ دو سال 3 ماہ قبل PSQCA میں کلاس فور میں بھرتی ہوئے تھے، محکمے نے تین ماہ تنخواہ دینے کے بعد ان کو بغیر کسی نوٹس کے تنخواہ کے حق سے محروم کر دیا، جس کے باعث گزشتہ دو سال سے وہ دو وقت کی روٹی کے لئے بھی محتاج ہیں۔ وفاقی محتسب علاقائی دفتر کوئٹہ نے محکمے کے اعلیٰ افسران کو طلب کر کے پوچھا کہ غریب ملازمین کی تنخواہیں گزشتہ دو سال سے کیوں بند کی گئی ہیں۔ محکمے کے افسران وفاقی محتسب میں سماعت کے دوران کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکے۔ کیس کی تفصیلی تفتیش کے بعد وفاقی محتسب نے اپنے فیصلے میں قرار دیا کہ درخواست گزار تمام ملازمین کی تنخواہیں فوری طور پر بحال کر کے ان کے بقایا جات ادا کرے۔ چنانچہ وزارت سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کی جانب سے 41 ملازمین کو تقریباً چھ لاکھ روپے فی کس واجب الادا رقم ادا کر دی گئی جو مجموعی طور پر تقریباً 2 کروڑ 40 لاکھ روپے سے زائد بنتی ہے۔ اپنا حق ملتے ہی شکایت کنندگان نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وہ اپنے مسائل کے حل کے لیے سندھ ہائی کورٹ بھی گئے تھے مگر کوئی شنوائی نہ ہوئی۔ وفاقی محتسب میں کسی وکیل اور فیس کے بغیر ہمارا مسئلہ چند ہفتوں میں حل ہو گیا، جس کے لئے ہم تمام عمر وفاقی محتسب کے احسان مند رہیں گے۔


برائے رابطہ:

ایڈوائزر (میڈیا): 051-9217259

کنسلٹنٹ (میڈیا): 051-9217232

ای میل: pro2w.mohtasib@gmail.com

# وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کا پیغام

میرے لئے یہ بات انتہائی اطمینان اور مسرت کا باعث ہے کہ پاکستان کے غریب عوام کی وفاقی محتسب تک رسائی اور پہنچ مسلسل آسان ہو رہی ہے اور وہ گھر بیٹھے اس ادارے سے مفت اور جلد انصاف حاصل کر رہے ہیں۔ سال رواں کے دوران مظفر آباد، گلگت، ساہیوال اور ڈیرہ غازی خان میں بھی علاقائی دفاتر نے باقاعدہ کام شروع کر دیا ہے جس کے بعد ہیڈ آفس سمیت وفاقی محتسب کا ادارہ پاکستان کے 26 شہروں میں عوام الناس کو ان کے گھر کے قریب انصاف فراہم کر رہا ہے جن میں دور افتادہ اور پسماندہ علاقے بھی شامل ہیں۔ شکایت کنندگان کسی بھی قریبی علاقائی دفتر سے رجوع کر کے اپنی شکایات کے ازالے کے لئے درخواست دے سکتے ہیں۔ وفاقی محتسب میں شکایت کر کے انصاف حاصل کرنا اب اتنا آسان ہو گیا ہے کہ دفاتر جانے کے بجائے کوئی بھی پاکستانی ڈاک، ای میل یا موبائل ایپ کے ذریعے درخواست دے سکتا ہے اور اسے سفر کی صعوبت بھی نہیں اٹھانا پڑتی۔ شکایت کنندگان کے لئے ہم نے یہ آسانی بھی کر دی ہے کہ وہ سماعت میں شریک ہونے کے لئے اگر دفتر نہ آنا چاہیں تو آن لائن بھی سماعت میں شرکت کر سکتے ہیں اور ٹیلیفون کے ذریعے بھی اپنا موقف بیان کر سکتے ہیں۔ پاکستان کے 26 شہروں میں وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کے دفاتر کے علاوہ ہمارے انوسٹی گیشن افسران تحصیل اور ضلعی ہیڈ کوارٹرز میں خود جا کر دور دراز مقامات پر کھلی کچہریاں منعقد کر کے بھی شکایات سنتے ہیں اور موقع پر ہی متعلقہ اداروں کے ذمہ داران کو ان کے ازالے کے لئے ہدایات دی جاتی ہیں۔ یوں اکثر شکایات کا فوراً ازالہ ہو جاتا ہے جس پر شکایت کنندگان اس ادارے اور اس کے افسران کا شکریہ ادا کرتے دکھائی دیتے ہیں اور دل کی گہرائیوں سے دعائیں دیتے ہیں۔ شکایت کنندگان کی یہ دعائیں ہمارا قیمتی اثاثہ ہیں، جن کا کوئی نعم البدل نہیں۔ ہمارے انہی اقدامات کی وجہ سے وفاقی محتسب میں شکایات کی تعداد میں الحمداللہ مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ سال 2021 کے آخر میں، جب میں نے یہ ذمہ داری سنبھالی تھی تو اس وقت شکایات کی سالانہ تعداد ایک لاکھ دس ہزار کے لگ بھگ تھی۔ اب یہ تعداد دوگنا سے بھی بڑھ گئی ہے۔ سال 2024ء کے دوران وفاقی محتسب کو دو لاکھ 26 ہزار 372 شکایات موصول ہوئیں۔ رواں سال کے دوران یہ تعداد مزید بڑھ جائے گی اور یہ اللہ تعالیٰ کی رحمت اور ان اقدامات کی بدولت ہے جو گزشتہ تین چار برسوں کے دوران اٹھائے گئے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں یہ توفیق عطا فرمائے کہ ہم پاکستان کے غریب عوام کی خدمت کر سکیں (آمین)۔

# وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیموں کے دورہ جات

## اسلام آباد ائرپورٹ کا دورہ

### یکجا سہولیاتی ڈیسک پر موجود تمام اداروں کو مزید فعال بنایا جائے، وفاقی محتسب



وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم اسلام آباد انٹرنیشنل ائرپورٹ کا دورہ کر رہی ہے (24.04.2025)

وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے اسلام آباد ائرپورٹ کے خلاف شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے سینئر ایڈوائزر کی سربراہی میں وفاقی محتسب کے افسروں پر مشتمل ایک معائنہ ٹیم 24 اپریل 2025 کو اسلام آباد ائرپورٹ بھیجی جس نے دورہ کے دوران مسافروں سے ملاقات کر کے ان کی شکایات سنیں، ائرپورٹ کی انتظامیہ کو ان کے ازالہ کے لئے موقع پر ہی ہدایات جاری کیں اور بعض مسافروں کے مسائل موقع پر حل کرائے۔ ٹیم نے ائرپورٹ پر نیشنل وانٹرنیشنل لاؤنجز، Luggage Area، سی آئی پی لاؤنج، امیگریشن اور دیگر ایجنسیوں کے کاؤنٹرز سمیت تمام شعبہ جات کا دورہ کر کے مسائل کا جائزہ لیا۔ بیرون ملک جانے والے مسافروں کی زیادہ تر شکایات کا تعلق امیگریشن میں تاخیر، ایف آئی اے، اے ایس ایف، اے این ایف اور کسٹمز کے عملے کی طرف سے ناجائز تنگ کئے جانے اور عدم توجہی کے بارے میں تھیں جب کہ بیرون ملک سے آنے والے پاکستانیوں کی شکایات میں سامان کا دیر سے ملنا یا سامان کی گمشدگی کی شکایات شامل تھیں۔ ٹیم نے قبل ازیں اسلام آباد ائرپورٹ کے دورہ پر بھیجی گئی مختلف ٹیموں کی سفارشات پر عملدرآمد کا جائزہ بھی لیا۔ ٹیم نے گزشتہ دورہ کے دوران ایف آئی اے، اے این ایف، اے ایس ایف اور کسٹمز کے یکجا سرچ ڈیسکوں پر CCTV کیمرے لگانے اور تمام کاؤنٹرز پر مسافروں کی آگاہی کے لئے اردو اور انگریزی میں بل بورڈز لگانے اور عوامی آگاہی کے لئے انہیں ٹی وی اسکرین پر بھی مسلسل دکھانے کی ہدایات دی تھیں۔ ٹیم کو بتایا گیا کہ ائرپورٹ انتظامیہ نے ان ہدایات پر عملدرآمد کر دیا ہے۔ ٹیم نے ائرپورٹ پر Visa Protector Stamp کی سہولت کی موجودگی کے باوجود شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے انتظامیہ کو ہدایت کی کہ ائرپورٹ پر اس سہولت کے ہوتے ہوئے شکایات کا کوئی جواز نہیں۔ ٹیم نے فلائٹوں کی تعداد کے مطابق سہولیاتی کاؤنٹرز بڑھانے کے ساتھ ساتھ ائرپورٹ پر پولیو کارڈ کے اجراء کی سہولت فراہم کرنے کی بھی ہدایت کی۔ ٹیم نے وفاقی محتسب کی طرف سے بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی سہولت کے لئے قائم کئے گئے ''یکجا سہولیاتی ڈیسک'' کا بھی معائنہ کیا اور وہاں موجود 12 وفاقی ایجنسیوں کے ذمہ داران سے شکایات کی نوعیت کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے علاوہ شکایات رجسٹر چیک کئے۔ وفاقی محتسب کی ٹیم کو گزشتہ دورے کے دوران یہ شکایت ملی تھی کہ ائرپورٹ پر تعینات بعض اداروں کے اہلکار مسافروں سے ناجائز رقم کا مطالبہ کرتے ہیں۔ ٹیم نے ایسے اہلکاروں کے خلاف انکوائری کر کے رپورٹ بھی طلب کی۔ ٹیم نے تمام متعلقہ ایجنسیوں کے مقامی سربراہان کو مسافروں بالخصوص بیرون ملک پاکستانیوں کے مسائل کے حل کے لئے ہدایات دیں۔

## IESCO ہیڈ آفس کا دورہ

وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر سینئر ایڈوائزر احمد فاروق کی سربراہی میں وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم نے 08 مئی 2025ء کو IESCO اسلام آباد کے ہیڈ آفس اور کسٹمرز سہولیاتی مرکز (Customers Facilitation Centre)



وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم آئیسکو ہیڈ آفس کا دورہ کرتے ہوئے (08.05.2025)

کا دورہ کر کے عوام الناس کو درپیش مشکلات اور IESCO کی طرف سے فراہم کردہ سہولیات کا جائزہ لیا۔ IESCO کے چیف ایگزیکٹو سے ملاقات کے دوران معائنہ ٹیم نے وفاقی محتسب میں موصول ہونے والی شکایات کی روشنی میں بجلی کے اضافی بلوں، ڈیٹیکشن بل، بجلی کے میٹروں کی غلط ریڈنگ، پرانے اور خراب میٹروں کی تبدیلی، گھروں کی بجلی منقطع کرنے کے معاملات نیز ٹرانسفارمرز، بجلی کے میٹروں اور کھمبے لگانے میں تاخیر جیسے مسائل پر قابو پانے اور اپنی سروسز کو بہتر بنانے کی ہدایت کی۔ اس موقع پر معائنہ ٹیم کو IESCO کی طرف سے ایک بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ عوام کی سہولت اور آگاہی کے لئے IESCO SMART APP بھی شروع کر دی گئی ہے۔ اس وقت 06 سرکلز میں 20 ''کسٹمرز سہولیاتی مراکز'' کام کر رہے ہیں جب کہ ہر ڈویژن کی سطح پر ایسے مراکز قائم کرنے کے منصوبے پر بھی عمل جاری ہے۔



## ڈاکٹر محمد زاہد ملک جنوبی پنجاب کے کوآرڈینیٹر مقرر

وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے علاقائی دفتر ملتان کے انچارج ڈاکٹر محمد زاہد ملک کو جنوبی پنجاب کا کوآرڈینیٹر مقرر کیا ہے۔ ڈاکٹر محمد زاہد ملک جنوبی پنجاب کے تمام علاقائی دفاتر ملتان، بہاولپور اور ڈیرہ غازی خان اور وہاں تعینات افسران کی کارکردگی کی ایک خصوصی رپورٹ ہر ماہ وفاقی محتسب کو پیش کریں گے، جس میں تمام وفاقی اداروں اور وہاں تعینات افسران کی انفرادی کارکردگی کا جائزہ بھی پیش کیا جائے گا۔ غیر تسلی بخش کارکردگی کے حامل افسران کے خلاف تادیبی کارروائی بھی عمل میں لائی جا سکے گی۔

(NIRM) ہسپتال کا دورہ

## ایم آئی آر مشین کو کسٹم سے جلد کلیئر کرانے کی ہدایت



وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم (NIRM) ہسپتال کے دورہ کے دوران مریضوں کو دی گئی سہولیات کا جائزہ لے رہی ہے (21.05.2025)

وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے نرم (NIRM) ہسپتال کے خلاف شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے سینئر ایڈوائزر احمد فاروق کی سربراہی میں ایک معائنہ ٹیم 21 مئی 2025 کو معذور افراد کے علاج کے لئے وفاقی دارالحکومت میں قائم (NIRM) ہسپتال بھیجی جس نے ہسپتال میں آنے والے مریضوں سے ملاقات کر کے ان کے مسائل دریافت کئے۔ ٹیم نے اپنی رپورٹ وفاقی محتسب کو پیش کی تو وفاقی محتسب نے سی ڈی اے کو ہدایت کی کہ ہسپتال کی تزئین و تعمیر نو کا کام جلد مکمل کیا جائے۔ انہوں نے ہسپتال انتظامیہ کو عوام الناس کی سہولت کے لئے مضافات میں میڈیکل کیمپ لگانے کی ہدایت بھی کی۔ دورہ کے دوران ہسپتال کے زنانہ وارڈ میں ایئر کنڈیشنز کی سہولت نہ ہونے پر ٹیم نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے پندرہ دن کے اندر خراب ایئر کنڈیشنز کو درست کرنے اور مزید ایئر کنڈیشنز لگانے کی ہدایت کی۔ ٹیم نے ہسپتال کے مختلف شعبوں کا دورہ کر کے مریضوں کے مسائل دریافت کئے، اکثر مریضوں نے ہسپتال کے انتظامات کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہاں کے ڈاکٹر اور عملے کے لوگ ہمدرد اور تعاون کرنے والے ہیں۔ ہسپتال انتظامیہ کی طرف سے بریفنگ کے دوران ٹیم کو بتایا گیا کہ ہسپتال کی ایم آر آئی مشین کافی عرصہ سے خراب ہے۔ باہر سے منگوائی گئی ایم آر آئی مشین کسٹمز حکام سے کلیئر نہ ہونے کے باعث ایک سال سے پورٹ قاسم کراچی میں پڑی ہوئی ہے۔ سینئر ایڈوائزر نے وزارت صحت، کسٹمز حکام اور تمام متعلقہ اداروں کو تمام قانونی تقاضے پورے کر کے ایم آر آئی مشین جلد ہسپتال کے حوالے کرنے کی ہدایت کی۔ ٹیم نے ہسپتال کی مجموعی کارکردگی اور احسن انتظامات کو سراہتے ہوئے کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کی ہدایت کی۔

## بیوہ کو 10 سال بعد ویلفیئر فنڈ کے بقایا جات مل گئے

وفاقی محتسب کی مداخلت سے ایک بیوہ کو واپڈا نے 10 سال سے رکے ہوئے ورکر ویلفیئر فنڈ کی مد میں بقایا جات جاری کر دیئے۔ مانسہرہ سے تعلق رکھنے والی ایک بیوہ نے وفاقی محتسب کے علاقائی دفتر ایبٹ آباد میں واپڈا کے خلاف بقایا جات میں بلاوجہ تاخیر سے متعلق شکایت درج کروائی کہ اس کا خاوند جو کہ واپڈا کا ملازم تھا، 2008ء میں فوت ہو گیا، 2015ء تک اس کو فنڈ کی رقم ملتی رہی مگر 2015ء سے فروری 2025ء تک بقایا جات کی ادائیگی میں تاخیری حربے استعمال کئے جا رہے ہیں۔ شکایت درج ہونے کے فوری بعد وفاقی محتسب کے علاقائی دفتر ایبٹ آباد نے واپڈا کے افسران کو نوٹس جاری کرتے ہوئے تفصیلی رپورٹ طلب کی۔ کیس کی مکمل چھان بین کے بعد وفاقی محتسب نے سائلہ کے حق میں فیصلہ دیگر محکمہ کو فوری طور پہ شکایت دہندہ کو بقایا جات ادا کرنے کے احکامات صادر کئے جس پر عملدرآمد کراتے ہوئے محکمہ نے بیوہ کو اس کا حق مبلغ -/3,03,000 روپے رقم ادا کر دی ہے، جس پر بیوہ نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا ہے۔



وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی علاقائی دفتر ملتان کے دورے کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں (26.6.2025)

## وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کے علاقائی دفاتر کے دورہ جات

# موثر اقدامات کے ذریعے غریب عوام تک انصاف ان کی دہلیز پر پہنچایا جا رہا ہے، وفاقی محتسب

وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی گاہے گاہے اپنے ادارے کے علاقائی دفاتر کے دورے کرتے رہتے ہیں تاکہ ان دفاتر کے افسران کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے ساتھ ساتھ اس علاقے کے عوام کے مسائل بھی سنے جائیں۔ وفاقی محتسب ان دورہ جات کے دوران وہاں وفاقی اداروں کے مقامی افسران کے ساتھ بھی اجلاس کرتے ہیں اور انہیں عوامی شکایات حل کرنے کے لئے ہدایات بھی دیتے ہیں نیز میڈیا کے نمائندگان کے ساتھ ملاقاتیں کر کے ادارے کی کارکردگی اور اہم اقدامات کے بارے میں میڈیا کو بریف کرتے ہیں تاکہ عام لوگوں میں ادارے کے بارے میں آگاہی پیدا ہو۔ موجودہ سہ ماہی کے دوران وفاقی محتسب نے ایبٹ آباد، لاہور، پشاور، ملتان اور ڈیرہ غازی خان کے علاقائی دفاتر کے دورے کئے۔ ان دورہ جات کے دوران انہوں نے سرکاری افسروں پر زور دیا کہ وہ وفاقی محتسب کے فیصلوں پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں تاکہ شکایت کنندگان کو فوری ریلیف مل سکے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ غریبوں کی عدالت ہے اور اس ادارے کا مقصد نادار اور پسماندہ طبقے کی دادرسی کرنا ہے۔ سرکاری افسران کو عوام الناس کی شکایات کے ازالے کے لئے اپنی تمام تر کوششیں بروئے کار لانا چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ سال 2024ء میں دو لاکھ 23 ہزار سے زائد شکایات کے فیصلے سرکاری اداروں کے تعاون کے بغیر ممکن نہ تھے۔ وفاقی محتسب نے ان دورہ جات کے دوران میڈیا کے نمائندوں سے بھی ملاقات کی اور بتایا کہ عوام الناس کو ان کے گھر کی دہلیز پر انصاف فراہم کرنے کے لئے ملک بھر میں کھلی کچہریوں اور او سی آر پروگرام کے تحت شکایات نمٹائی جا رہی ہیں، جب کہ سرکاری اداروں کے نظام کی اصلاح اور خدمات کو بہتر بنانے کے لئے وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیمیں سرکاری محکموں کے دورے بھی کرتی رہتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب میں شکایات درج کرا کے انصاف حاصل کرنا بہت سادہ اور آسان ہے۔ وفاقی محتسب کے اہم اقدامات میں شکایات کے اندراج اور زوم لنک نیز وٹس ایپ کے ذریعے سماعت میں شمولیت کے لئے انفارمیشن ٹیکنالوجی اور ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کا استعمال بھی شامل ہے۔ وفاقی محتسب نے بتایا کہ سمندر پار پاکستانیوں اور بچوں کی شکایات کے ازالے کے لئے ہم نے الگ سے شکایات کمشنر متعین کر رکھے ہیں۔ جیلوں میں قیدیوں کی سہولیات کے لئے بھی متعدد اقدامات اٹھائے گئے ہیں۔

وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے علاقائی دفتر ملتان کے دورے دوران علاقائی دفتر کی نئی بلڈنگ کا افتتاح بھی کیا۔



وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی علاقائی دفتر پشاور کے دورے کے دوران ایک اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں (19.06.2025)

### ساہیوال اور ڈیرہ غازی خان میں بھی وفاقی محتسب کے علاقائی دفاتر قائم کردیئے گئے

# ملک کے دور دراز علاقوں کے عوام کو انصاف فراہم کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، وفاقی محتسب

## وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی علاقائی دفاتر کے افتتاح کے موقع پر گفتگو



وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی ڈیرہ غازی خان میں علاقائی دفتر کا افتتاح کر رہے ہیں (30.04.2025)

وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے 10 اپریل 2025ء کو ساہیوال میں اور 30 اپریل کو ڈیرہ غازی خان میں اپنے ادارے کے علاقائی دفاتر کا افتتاح کیا، جس کے بعد ہیڈ آفس سمیت وفاقی محتسب کے دفاتر کی تعداد 26 ہوگئی ہے۔ علاقائی دفاتر کی افتتاحی تقاریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی محتسب نے کہا کہ ہم ملک کے دور دراز اور پسماندہ علاقوں کے عوام کو مفت اور جلد انصاف فراہم کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، انہوں نے سرکاری افسران پر زور دیا کہ وہ غریب عوام کی شکایات کے فوری ازالے کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے بتایا کہ ان کے ادارے میں ہر سال عوامی شکایات کی دادرسی میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ سال 2024ء کے دوران عوامی شکایات میں ریکارڈ اضافہ ہوا، جس کی وجہ یہ ہے کہ وفاقی محتسب کے ادارے کی پہنچ اور رسائی میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، انہوں نے کہا کہ گزشتہ چند ماہ میں مظفرآباد آزاد جموں وکشمیر، گلگت بلتستان، میرپور خاص (سندھ) اور ساہیوال میں نئے علاقائی دفاتر قائم کئے گئے ہیں اور اب ڈیرہ غازی خان میں علاقائی دفتر کے قیام کے بعد ملک بھر کے 26 شہروں میں یہ ادارہ عوام الناس کو سہولیات فراہم کر رہا ہے۔ افتتاحی تقاریب میں وفاقی سرکاری اداروں کے مقامی سربراہان کے علاوہ میڈیا اور سول سوسائٹی کے کثیر افراد نے شرکت کی۔

وفاقی محتسب نے دونوں مقامات پر وفاقی حکومت کے اداروں کے مقامی سربراہان کے ساتھ اجلاس کی صدارت بھی کی جس میں وفاقی محتسب کے دائرہ کار میں آنے والے سرکاری اداروں کے اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔ انہوں نے سرکاری افسران پر زور دیا کہ غریب لوگوں کی شکایات کے ازالے کے لئے اپنی تمام تر کوششیں بروئے کار لائیں۔

انہوں نے عوام الناس میں آگاہی پیدا کرنے میں میڈیا کے کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ میڈیا، وفاقی محتسب کے ادارے کے بارے میں آگاہی میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے میڈیا پر زور دیا کہ وہ محتسب کے پیغام کو عام کرنے میں اپنا بھرپور تعاون جاری رکھے تاکہ پاکستان کے غریب عوام کو زیادہ سے زیادہ آگاہی ہو اور وہ اس ادارے کے ذریعے جلد اور مفت انصاف حاصل کرسکیں۔

وفاقی محتسب نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے افسران کی انتھک محنت، کھلی کچہریوں، معائنہ ٹیموں کے مختلف سرکاری اداروں کے دوروں اور تنازعات کے غیررسمی حل جیسے پروگراموں کے باعث ہر سال عام لوگوں کی شکایات کی دادرسی میں اضافہ ہو رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ وفاقی محتسب میں بیرون ملک پاکستانیوں اور بچوں کی شکایات کے لئے الگ سے شکایات کمشنرز مقرر کئے گئے ہیں۔ گزشتہ سال بیرون ملک پاکستانیوں کی 151,897 شکایات پر کارروائی کی گئی اور انھیں سہولیات فراہم کی گئیں۔




وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی ساہیوال میں علاقائی دفتر کا افتتاح کر رہے ہیں (10.04.2025)

### وفاقی محتسب کے افسران کی پنڈ دادن خان اور فتح جنگ میں کھلی کچہریاں

# اتفاق کالونی پنڈ دادن خان کے سو سے زائد گھروں کو بجلی فراہم کرنے کی ہدایت

## فتح جنگ کی تین مستحق خواتین کو بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام سے مالی امداد شروع ہوگئی




وفاقی محتسب کے افسران پنڈ دادن خان میں کھلی کچہری کے دوران شکایات سن رہے ہیں (17.04.2025)

وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کے ایڈوائزر میجر جنرل (ر) ہارون سکندر پاشا اور کنسلٹنٹ خالد سیال نے 17 اپریل 2025ء کو پنڈ دادن خان اور 26 جون کو فتح جنگ میں کھلی کچہریاں منعقد کیں، جن میں وفاقی اداروں کے مقامی سربراہان کو بھی طلب کیا گیا۔ انہوں نے کھلی کچہریوں کے دوران وفاقی اداروں کے خلاف شکایات سنیں اور متعلقہ اداروں کے افسران کو موقع پر ہی ہدایات جاری کر کے گیس، بجلی، بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام، نیشنل بینک اور نادرا کے خلاف متعدد شکایات موقع پر ہی حل کروادیں۔ کھلی کچہری میں شکایت کنندگان نے وفاقی اور صوبائی محکموں کے خلاف بڑی تعداد میں شکایات پیش کیں۔ زیادہ تر شکایات بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سے مالی امداد کی معطلی، بجلی کے ٹرانسفارمر اور کھمبے نہ لگانے، بجلی کے کنکشن اور زائد بلوں اور شناختی کارڈ کے اجراء میں تاخیر سے متعلق تھیں۔ وفاقی محتسب کے افسران نے متعلقہ اداروں کو شکایات کے ازالے کے لئے موقع پر ہی احکامات جاری کئے۔ متعدد شکایت کنندگان نے بتایا کہ ان کے بجلی اور گیس کے ناجائز بل درست نہیں کئے جارہے۔ پنڈ دادن خان کے شکایت کنندگان نے بتایا کہ بعض علاقوں میں سات سال سے ٹرانسفارمر تبدیل نہیں کئے گئے اور بجلی کی تاریں گھروں کی چھتوں پر سے گزر رہی ہیں جو انسانی جان کے لئے خطرہ ہیں۔ ایڈوائزر وفاقی محتسب نے فوری طور پر ٹرانسفارمر اور کھمبے نصب کرنے کے احکامات جاری کئے نیز اتفاق کالونی میں سو سے زائد بجلی سے محروم گھروں کو بجلی فراہم کرنے کے لئے ضروری کارروائی کرنے کا حکم دیا۔ فتح جنگ میں کھلی کچہری سے تین خواتین کو بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام سے فوری مالی امداد جاری ہوگئی ہے جب کہ نیشنل بینک کے کنٹریکٹ پر ملازمین کی تنخواہ میں تاخیر کا مسئلہ حل کرایا گیا۔ کھلی کچہری کے بعد وفاقی محتسب کے افسران نے پنڈ دادن خان اور فتح جنگ کی تحصیل انتظامیہ کے افسران سے بھی ملاقات کی اور ان سے عوامی مسائل کو جلد حل کرنے کے حوالے سے گفتگو کی۔ انہوں نے صوبائی محکموں کے خلاف شکایات متعلقہ اداروں کو بھجوادیں۔ کھلی کچہری میں وفاقی اداروں کے مقامی افسران سمیت ضلعی انتظامیہ کے مقامی افسران اور میڈیا کے نمائندوں نے بھی شرکت کی۔ قبل ازیں وفاقی محتسب کے افسران نے وفاقی محتسب کے بارے میں آگاہی لیکچر بھی دیئے۔ کھلی کچہریوں میں میڈیا کے نمائندگان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ وفاقی محتسب کے ایڈوائزر نے ان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ میڈیا کی وجہ سے عوام الناس میں وفاقی محتسب کے بارے میں آگاہی پیدا ہورہی ہے اور وفاقی محتسب میں آنے والی شکایات میں ہر سال اضافہ ہورہا ہے۔

> **وفاقی محتسب کے افسران نے پنڈ دادن خان ضلع جہلم کی تحصیل انتظامیہ کے افسران سے بھی ملاقات کی اور ان سے عوامی مسائل کو جلد حل کرنے کے حوالے سے بات کی**

# وفاقی محتسب کے اہم فیصلے

## کھلی کچہریوں کے دوران لاکھوں روپے کا فوری ریلیف

☆......علاقائی دفتر ساہیوال کے انچارج عنایت اللہ دولہ نے دیپالپور میں کھلی کچہری کے دوران مختلف وفاقی اداروں کے خلاف 75 شکایت کنندگان کی شکایات موقع پر ہی حل کروا دیں جس پر انہوں نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا ہے۔

☆......علاقائی دفتر بہاولپور کے سید فضل رضوی نے خان پور، حاصل پور اور دنیا پور میں (MEPCO) کے خلاف زائد بلوں کی شکایات کی سماعت کر کے 47 شکایت کنندگان کو سات لاکھ روپے سے زائد کا فوری ریلیف دلا دیا، جس پر شکایت کنندگان نے وفاقی محتسب کے افسران کا شکریہ ادا کیا ہے۔

☆......علاقائی دفتر ڈیرہ اسماعیل خان کے انچارج سنگ مرجان خان محسود نے لکی مروت میں کھلی کچہری منعقد کر کے مختلف محکموں سے شکایت کنندگان کو موقع پر ہی ریلیف دلا دیا جس پر عوام الناس نے کھلی کچہریاں منعقد کرنے پر وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ان کھلی کچہریوں کا سلسلہ جاری رہنا چاہئیے کیونکہ اس طرح غریب آدمی کو در در کے دھکے نہیں کھانے پڑتے اور اسے فوری ریلیف مل جاتا ہے۔

## یکم جنوری سے 30 جون 2025ء کے دوران شکایات اور فیصلے

| نمبر شمار | نام ادارہ | شکایات | فیصلے |
|---|---|---|---|
| 1 | پاور کمپنیاں (ڈسکوز) | 58,840 | 60,627 |
| 2 | سوئی گیس کمپنیاں | 10,205 | 10,419 |
| 3 | بے نظیر انکم سپورٹس پروگرام | 12,911 | 13,975 |
| 4 | نادرا | 4,136 | 3991 |
| 5 | پاکستان پوسٹ آفس | 2,298 | 2,189 |
| 6 | پاسپورٹ آفس | 1214 | 1628 |
| 7 | پوسٹل لائف انشورنس | 2,547 | 2,479 |
| 8 | ای او بی آئی (EOBI) | 1,191 | 1,338 |
| 9 | پی ٹی اے (PTA) | 1039 | 908 |
| 10 | ایف آئی اے | 1195 | 1102 |
| 11 | پاکستان بیت المال | 1421 | 1245 |
| 12 | پاکستان ریلوے | 694 | 675 |
| | **مذکورہ بالا بارہ اداروں کے خلاف کل شکایات** | **97,691** | **100,576** |
| | **دیگر اداروں کے خلاف شکایات** | **25,948** | **25,036** |
| | **کل تعداد** | **123,639** | **125,612** |

## وفاقی محتسب کے حکم پر نقشبند کالونی ملتان کی گیس بحال ہوگئی

نقشبند کالونی ملتان کے 25 سے زائد رہائشیوں نے وفاقی محتسب کے علاقائی دفتر ملتان میں شکایت دائر کی کہ ان کے علاقے میں ایک عرصے سے سوئی گیس کی فراہمی معطل ہے، سوئی گیس حکام کو متعدد بار درخواست کی کہ ان کے علاقے میں سوئی گیس کی سپلائی ٹھیک کی جائے، مگر سوئی گیس حکام کی جانب سے ان کی شکایات پر کوئی موثر کارروائی نہیں کی جا رہی۔ وفاقی محتسب علاقائی دفتر ملتان کے انچارج ڈاکٹر زاہد ملک نے اس کا نوٹس لیتے ہوئے سوئی گیس حکام کو طلب کر کے گیس کی سپلائی کا مسئلہ فوری طور پر حل کرنے کا حکم دیا۔ محکمہ سوئی گیس نے اس حکم کی تعمیل کرتے ہوئے 100 میٹر سے زائد نئی پائپ لائن ڈال کر مذکورہ علاقہ میں گیس کی بلا تعطل فراہمی یقینی بنا دی ہے، جس پر اہل علاقہ نے وفاقی محتسب سیکریٹریٹ کے فوری ایکشن کو سراہتے ہوئے وفاقی محتسب پاکستان کا شکریہ ادا کیا ہے۔

## شکایت کنندگان کو لاکھوں روپے کا ریلیف مل گیا

علاقائی دفتر کوئٹہ نے متعدد شکایت کنندگان کو مختلف وفاقی اداروں سے لاکھوں روپے کا ریلیف دلایا جس پر شکایت کنندگان نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق ایک شکایت گزار محمد اسلم کے گیس کے اضافی بل پر ایک لاکھ 54 ہزار 181 روپے کا ریلیف دلایا گیا۔ کیسکو سے بجلی کے اضافی بل پر ایک شکایت کنندہ کو ایک لاکھ 50 ہزار 823 روپے کا ریلیف ملا۔ کسٹمز کے ایک مرحوم سپاہی کی بیوہ کو بینوولینٹ فنڈ کے بقایا جات کی مد میں -/96,200 روپے کی رقم دلائی گئی۔ کیسکو کے ایک سابق ملازم کے بیٹے کو وفاقی محتسب کی مداخلت سے جی پی فنڈ اور گروپ انشورنس کی مد میں 12 لاکھ 30 ہزار روپے کی رقم ادا کر دی گئی۔

# آگاہی مہم، کھلی کچہریوں اور او سی آر پروگرام کی تصویری جھلکیاں



علاقائی دفتر کوئٹہ کے انچارج غلام سرور بروہی وفاقی محتسب کے کاموں کے بارے میں اخبار نویسوں کو بریف کر رہے ہیں(19.05.2025)



علاقائی دفتر کراچی کے انچارج سید انوار حیدر ریڈیو پاکستان کو انٹرویو دے رہے ہیں(13.05.2025)



ایڈوائزر شاہد لطیف علاقائی دفتر گوجرانوالہ میں او سی آر شکایات کی سماعت کر رہے ہیں (26.05.2025)



علاقائی دفتر لاہور کے گلزار احمد بٹ بادامی باغ ڈویژن لاہور میں کھلی کچہری کے دوران شکایات سن رہے ہیں (17.06.2025)



علاقائی دفتر فیصل آباد کے انچارج شاہد حسین جیلانی ٹوبہ ٹیک سنگھ میں کھلی کچہری کے دوران شکایات سن رہے ہیں (18.06.2025)



علاقائی دفتر ڈیرہ اسماعیل خان کے افسران عمران خان، شفقت علی اور چوہدری عمران محمود بے نظیر انکم سپورٹس پروگرام کے دفتر کا دورہ کر رہے ہیں (23.06.2025)



علاقائی دفتر سوات کے کمشنر ثناء اللہ خان مالاکنڈ میں کھلی کچہری کے دوران شکایات سن رہے ہیں(01.05.2025)



علاقائی دفتر گلگت بلتستان کے انچارج جاوید ایوب بسین گلگت میں کھلی کچہری کے دوران شکایات سن رہے ہیں (05.06.2025)

# آگاہی مہم، کھلی کچہریوں اور او سی آر پروگرام کی تصویری جھلکیاں



علاقائی دفتر مظفر آباد کے انچارج منصور قادر ڈار حویلی میں کھلی کچہری کے دوران شکایات سن رہے ہیں(16.06.2025)



علاقائی دفتر ساہیوال کے انچارج عنایت اللہ دولہ دیپالپور میں شکایات سن رہے ہیں(11.06.2025)



علاقائی دفتر سکھر کے سید محمود علی شاہ لاڑکانہ میں اخبار نویسوں سے گفتگو کر رہے ہیں(04.06.2025)



علاقائی دفتر ملتان کے ڈاکٹر محمد زاہد ملک اپنے دفتر میں شکایات سن رہے ہیں (24.05.2025 )



علاقائی دفتر بہاولپور کے چوہدری خالد نذیر فورٹ عباس میں شکایات سن رہے ہیں(12.05.2025)



علاقائی دفتر سرگودھا کے انچارج خواجہ سیف الرحمان عوام الناس کی شکایات سن رہے ہیں(08.05.2025)




علاقائی دفتر خضدار کے محمد کاشف قلات میں کھلی کچہری کے دوران (12.05.2025 )



وفاقی محتسب کے ڈپٹی رجسٹرار شفقت علی وانا میں او سی آر پروگرام میں شکایات کی سماعت کر رہے ہیں (26.06.2025)


# وفاقی حکومت کے اداروں کی بدانتظامی کے خلاف

# وفاقی محتسب سے شکایت کریں

















وفاقی حکومت کے اداروں جیسے بجلی، سوئی گیس، نادرا، پاکستان ریلوے، پاکستان پوسٹ آفس، بیت المال، پاسپورٹ آفس، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اور دیگر وفاقی اداروں کی بدانتظامی کے خلاف اگر آپ کی کوئی شکایت ہے تو آپ وفاقی محتسب سے رجوع کر کے گھر بیٹھے انصاف حاصل کر سکتے ہیں

وفاقی محتسب میں وفاقی سرکاری اداروں کی بدانتظامی کے خلاف شکایت کرنے کا طریقہ بڑا سادہ اور آسان ہے، کوئی بھی شہری بذریعہ خط، ای میل، ویب سائٹ، موبائل ایپ یا اپنے قریبی مرکزی/علاقائی دفتر آ کر شکایت درج کرا سکتا ہے

## وفاقی محتسب میں شکایت کی نہ کوئی فیس ہے، نہ کسی وکیل کی ضرورت

## وفاقی محتسب میں ہر شکایت کا فیصلہ ساٹھ دن میں کر دیا جاتا ہے

نوٹ: دفاع، امور خارجہ، عدالتوں میں زیر سماعت اور سرکاری اداروں میں ملازمت سے متعلق امور ہمارے دائرہ اختیار میں نہیں آتے۔ ہمارے دائرہ اختیار کے بارے میں مزید جاننے کے لئے ہماری ویب سائٹ ملاحظہ فرمائیں

/WafaqiMohtasibSecretariatOfficial
ombuds.registrar@gmail.com
/c/WafaqiMohtasibSecretariat
/wafaqimohtasib
www.mohtasib.gov.pk
/store/apps/details?id=com.pk.gov.wafaqimohtasib

ہیلپ لائن: 1055
بچوں کی شکایات کیلئے: 1056

36-شاہراہ دستور، بالمقابل سپریم کورٹ آف پاکستان، G-5/2، اسلام آباد
فون نمبر: 92-51-9213886-7 فیکس نمبر: 92-51-9217224

## وفاقی محتسب کے علاقائی دفاتر

### علاقائی دفتر، لاہور
3rd,15A فلور، اسٹیٹ لائف بلڈنگ، ڈیوس روڈ، لاہور
فون نمبر: (92)42-99201017-18
فیکس نمبر: (92)42-99201021
ای میل: ombuds.wmsrol@gmail.com

### علاقائی دفتر، کراچی
4-B، فیڈرل گورنمنٹ سیکریٹریٹ، صدر، کراچی
فون نمبر: (92)21-9920115
فیکس نمبر: (92)21-99202121
ای میل: ombuds.wmsrok@gmail.com

### علاقائی دفتر، پشاور
1st فلور، بنوویلنٹ فنڈ بلڈنگ، پشاور کینٹ، پشاور
فون نمبر: (92)91-9211570
فیکس نمبر: (92)91-9211571
ای میل: ombuds.wmsrop@gmail.com

### علاقائی دفتر، خضدار
وفاقی محتسب سیکریٹریٹ
کمشنر آفس، خضدار
فون: 0300-2681375

### علاقائی دفتر، کوئٹہ
سول ڈیفنس بلڈنگ، سمنگلی روڈ، کوئٹہ۔
فون نمبر: (92)81-9202679
فیکس نمبر: (92)81-9202691
ای میل: ombuds.wmsroq@gmail.com

### علاقائی دفتر، سکھر
مکان نمبر 107-A، نزد نادرا آفس، سندھی کواپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی، ائرپورٹ روڈ، سکھر
فون نمبر: (92)71-9310884
فیکس نمبر: (92)71-9310012
ای میل: ombuds.wmsros@gmail.com

### علاقائی دفتر، ملتان
پلاٹ نمبر 4/6، بلاک نمبر X مین نیو ملتان روڈ۔ ملتان
فون نمبر: (92) 619330201, (92) 619330204
ای میل: ombuds.wmsrom@gmail.com

### علاقائی دفتر، بہاولپور
مکان نمبر 50۔اے، محمدیہ کالونی، نور محل روڈ، بہاولپور
فون نمبر: (92)62-9255613 فیکس نمبر: (92)62-925561
ای میل: ombuds.wmsrob@gmail.com

### علاقائی دفتر، فیصل آباد
بلڈنگ نمبر P-21، نیو سول لائن نزد ٹوٹل پٹرول پمپ، جیل روڈ، فیصل آباد
فون نمبر: (92)41-9201055
فیکس نمبر: (92)41-9201021
ای میل: ombuds.wmsrof@gmail.com

### علاقائی دفتر، ڈیرہ اسماعیل خان
پلاٹ نمبر 1، سروے نمبر 79، قائداعظم روڈ نزد جی پی او چوک کینٹ، ڈیرہ اسماعیل خان
فون نمبر: (92)966-9280164
فیکس نمبر: (92)966-9280256
ای میل: ombuds.wmsrod@gmail.com

### علاقائی دفتر مظفر آباد
بلاک نمبر 5، نیا سیکرٹیریٹ چھتر دومیل، مظفر آباد
آزاد جموں و کشمیر۔ فون نمبر: 05822-940241
ای میل ایڈریس: romzdajk@mohtasib.gov.pk

### علاقائی دفتر، حیدرآباد
اسٹیٹ لائف بلڈنگ نمبر 03، 6th فلور، ٹھنڈی سڑک، حیدرآباد
فون نمبر: (92)22-9201601
فیکس نمبر: (92)22-9201600
ای میل ایڈریس: ombuds.wmsroh@gmail.com

### علاقائی دفتر، گوجرانوالہ
ہاؤس نمبر 38، سٹریٹ 2، گلزار ابراہیم، گِل روڈ، گوجرانوالہ
فون نمبر: (92)55-9330616، (92)55-9330680
فیکس نمبر: (92)55-9330636
ای میل: ombuds.wmsrog@gmail.com

### علاقائی دفتر، ایبٹ آباد
کمرہ نمبر 6، ڈسٹرکٹ گورنمنٹ سیکریٹریٹ، ایبٹ آباد
فون نمبر: (92)992-9310538
فیکس نمبر: (92)992-9310549
ای میل ایڈریس: ombuds.wmsroa@gmail.com

### علاقائی دفتر، میرپور خاص
ہاؤس نمبر 59۔ علی ٹاؤن،
حیدرآباد روڈ نزد کے ایف سی بلڈنگ،
میرپور خاص (سندھ)
فون: 0233-933004-5

### علاقائی دفتر، خاران
ریجنل آفس کوئٹہ روڈ، خاران
فون نمبر: (92)847-510305
فیکس نمبر: (92)847-510305

### علاقائی دفتر، سرگودھا
آفس آف صوبائی محتسب پنجاب
پی اے ایف روڈ نزد سرکٹ ہاؤس سرگودھا
فون نمبر: (92)48-9330155
فیکس نمبر: (92)48-9330156

### علاقائی دفتر، سوات
نزد اللہ اکبر مسجد سیدو شریف، سوات
فون: (92)0946-920052
فیکس: (92)0946-920051

### علاقائی دفتر گلگت بلتستان
سوشل ویلفیئر ڈائریکٹوریٹ،
نزد شہزادہ مارکیٹ جوٹیال گلگت
فون نمبر: 0312-9703311

### علاقائی دفتر: ساہیوال
مکان نمبر W-35، گراؤنڈ فلور سکیم نمبر 2،
فرید ٹاؤن، ساہیوال
فون نمبر: 040-9330440
ای میل: daula66@gmail.com

### علاقائی دفتر ڈیرہ غازی خان
138-اے، خیابانِ سرور، ڈیرہ غازی خان
فون نمبر: (92) 649330257
(92) 649330258

### شکایات سنٹر، وانا
وفاقی محتسب سیکریٹریٹ، شکایات سنٹر
اسسٹنٹ کمشنر آفس، وانا
جنوبی وزیرستان
فون: 0965-211046

### شکایات سنٹر، صدہ
وفاقی محتسب سیکریٹریٹ، شکایات سنٹر
اسسٹنٹ کمشنر آفس، صدہ، ضلع کرم
فون: 0333-9108025

### شکایات سنٹر، سبی
ڈپٹی کمشنر آفس سبی، بلوچستان
فون: 0336-8440715

### شکایات سنٹر، لورالائی
صوبائی محتسب آفس، ڈی سی کمپلیکس، لورالائی
فون نمبر: 0342-3668830